بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# ایک الزام کی حقیقت

## سوال:

محترمی ومکرمی متکلم اسلام مولانا محمد الیاس گھمن حفظہ اللہ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

حضرت! عرض یہ ہے کہ دو دن پہلے آپ کے حوالے سے ایک طالب علم ساتھی نے بتایا کہ فیس بک پر ایک اخبار کی سرخی کی تصویر کسی نے شئیر کی تھی۔ جس میں آپ سے سوال کیا گیا تھا کہ آج کل بلاول اور مریم نواز ایک ساتھ بیٹھتے ہیں، کیا یہ جائز ہے؟ اس کے جواب میں لکھا تھا کہ میرے نزدیک یہ جائز ہے اور یہ ایک دوسرے کو چھو بھی سکتے ہیں۔

کیا یہ حقیقت ہے یا کسی نے ایسا ہی منسوب کیا ہے؟

**سائل: خبیب الحسن، پشاور**

## جواب:

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

ایسی بات کہنا ایک عام مسلمان کو بھی زیب نہیں دیتا چہ جائیکہ اس کی نسبت ایسے شخص کی طرف کی جائے جو اھل السنۃ والجماعۃ کے عقائد ومسائل کا داعی ہو اور خانقاہی سلسلہ سے امت کو متعارف کروا رہا ہو۔ یقیناً یہ محض الزام تھا جس کا حقیقت سے کوئی تعلق نہیں۔ اس کی تردید میں نے انہی دنوں کر دی تھی جو ہمارے چینل پر اپ لوڈ بھی ہو گئی تھی۔ "ایک اور جھوٹا الزام" کے نام سے یہ ویڈیو ہمارے یوٹیوب چینل (Ahnaf Media Services) پر ملاحظہ کی جا سکتی ہے۔

ان جیسے الزامات کے بارے میں جن کا تصور بھی ہم نہیں کر سکتے کہ ایسی باتیں کہیں ہمارے احباب کو بھی چاہیے کہ اعتماد بحال رکھتے ہوئے خود ہی ان کی تردید کر دیا کریں!

**واللہ اعلم بالصواب**

**21-فروری 2021ء**